باب نمبر ۱۹

Chapter 19

# حصولِ رزق وادائیگیِ قرض سے متعلق دعائیں

# SUPPLICATION FOR THE ATTAINMENT OF LIVELIHOOD AND THE PAYMENT OF DEBT

## ۲۱۷۔ادائیگی قرض کی دعا

بعض روایات میں ہے کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے اپنے اوپر قرض کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''کہ تم یہ آیات پڑھو دُعا کرو۔

**اَللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ تُؤتِیْ الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ، وَ تَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ ،وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ، وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ، اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ o تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّھَارَتُوْلِجُ النَّھَارَ فِی الَّیْلِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیَّتِ وَ تُخْرِجُ الْمَیّتَ مِنَ الْحَیِّ وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ o**

اے اللہ! ملک کے مالک تو ملک دیتا ہے جسکو چاہے اور ملک چھین لیتا ہے جس سے چاہے، تو عزت دیتا ہے جسکو چاہے اور ذلت دیتا ہے جسکو چاہے تیرے ہاتھ میں بھلائی ہے بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔تو ہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں لے جاتا ہے، تو ہی بے جان سے جاندار پیدا کرتا ہے، تو ہی ہے کہ جسے چاہتا ہے بے شمار روزی دیتا ہے۔ (آل عمران آیت ۲۶،۲۷)

اور پھر یوں دُعا کرو:

رَحْمٰنُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تُعْطِهِمَا مَنْ تَشَآءُ ،وَ تَمْنَعُ مِنْهُمَا مَنْ تَشَآءُ ، اِرْحَمْنِيْ رَحْمَةً تُغْنِيْنِي بِهَاعَنْ رَّحْمَةٍ مَّنْ سِوَاكَ . (مجمع الزوائد)

اے دنیااورآخرت کے رحمٰن تو یہ دونوں چیزیں دیتاہے جسکو چاہےاورروک لیتاہے جس سے چاہے، مجھ پررحم فرماایسی رحمت کے ساتھ جسکے ذریعےتو مجھے بے نیاز فرمادے دوسروں کے رحم کرنے سے۔

## 217.Supplication for paying off debt

Muaaz رضی اللہ عنہ once complained to the Messenger of Allahﷺ about debt and so the Messenger of Allahﷺ said to him "Read these verses and say this supplictaion.

" O Allah! Lord of power (and rule), You give power to whom You please, and You strip of power from whom You please, You endue with honor whom You please, and You bring low whom You please; in Your Hand is all good. Surely over all things you have power.

You cause the night to pass into the day and the day to pass into the night.You bring forth the living out of the dead,and You bring the dead out of the living, and You give sustenance to whom You will beyond all reckoning. (Al-e-Imran:26,27)

O Merciful One! You give in this world and the hereafter to the ones you want to, and You withhold from the ones You want to. Be Merciful to me with Your mercy rendering me free of the need for anyone else's mercy!

In other reference, the Messenger of Allahﷺ said: " If you recite this supplication and you have debt as much as the Ahud mountain, Allah will provide you with the source to pay your debt." (Mujma-al-Zawaid)

## ۲۱۸۔معاشی پریشانیوں سے نجات

باب نمبر: ۱۱ حدیث نمبر ۸۶ دیکھیں۔

## 218.Freedom from economic problems

Please see: chapter No.11 Hadith No.87

## ۲۱۹۔توبہ واستغفار

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَجُلاً قَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ سَمِعْتُ دُعَآءَ كَ اللَّیْلَةَ فَكَانَ الَّذِیْ وَصَلَ اِلَیَّ مِنْهُ اَنَّكَ تَقُوْلُ " **اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ ،وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ ،وَبَارِكْ لِیْ فِیْمَا رَزَقْتَنِیْ** " قَالَ فَهَلْ تَرَاهُنَّ تَرَكْنَ شَیْئًا ۔(ترمذی)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک صاحب نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ رات میں نے آپ ﷺ کو دعا کرتے سنا، اس دعا میں سے یہ الفاظ مجھے پوری طرح پہنچے، آپ ﷺ اللہ تعالیٰ سے عرض کررہے تھے: " اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِی...تا... فِیْمَا رَزَقْتَنِی " " اے اللہ! میرے گناہ معاف فرمادے اور میرے لئے میرے گھر میں وسعت عطا فرما، اور تونے جو رزق مجھے عطا فرمایا ہے اس میں میرے لئے برکت دے"۔۔۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم نے دیکھا ان مختصر لفظوں نے کچھ بھی چھوڑا "۔(ترمذی)

## 219. Repentance and request for forgiveness

Abu Hurairahرضی اللہ عنہ narrated: A man said to the Prophet of Allah ﷺ, O Messenger of Allahﷺ, last night I heard you making a supplication and I could gather the following words clearly :

" O Allah! Forgive me my sins, and make my house spacious for me, and bless me in the provision you have provided me with. "The Prophet of Allah ﷺ asked him, "Did you find anything that has been left out from the dua (the dua encompasses everything)?"
(Tirmidhi)

## ۲۲۰۔ ۴ کلمے ساری ضرورتوں پر حاوی

عَنْ طَارِقٍ الْاَشْجَعِّی رضی اللہ عنہ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ وَاَتَاہُ رَجُلٌ فَقَالَ کَیْفَ اَقُوْلُ حِیْنَ اَسْأَلُ رَبِّیْ قَالَ قُلْ " **اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ، وَارْحَمْنِیْ ،وَعَافِنِیْ ،وَ ارْزُقْنِیْ**" ( وَجَمَعَ اَصَابِعَہٗ الْاَرْبَعَ اِلَّا الْاِبْھَامَ ) فَاِنَّ ھٰؤُلَآءِ یَجْمَعْنَ لَکَ دِیْنَکَ وَ دُنْیَاکَ ۔ (ابن ابی شیبہ)

حضرت طارق الاشجعی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، جب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک شخص آیا اور اس نے پوچھا کہ: مجھے بتا دیجئے کہ جب میں اپنے رب سے مانگوں تو کس طرح عرض کروں اور کیا عرض کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یوں عرض کروں۔ " اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ " " اے اللہ! میرے گناہ معاف فرما دے اور مجھے بخش دے، مجھ پہ رحمت فرما، مجھے عافیت اور آرام وچین نصیب فرما، اور مجھے روزی عطا فرما" اسکے بعد آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ کی چاروں انگلیاں ملا کے ۴ کا اشارہ کیا اور فرمایا کہ: یہ چار (۴) کلمے تیری دینی اور دنیوی ساری ضرورتوں پر حاوی ہیں۔
(ابن ابی شیبہ)

## 220. Four expressions for all needs

Tariq Al- Ashja'ee رضی اللہ عنہ narrated: Someone came to the Messenger of Allah ﷺ and asked him, "Tell me, when I ask my Lord for something what should I ask Him for and how should I ask?" He said to him that he should say,

"O Allah! Forgive me my sins, have mercy on me, give me comfort and peace, and provide me with sustenance." Then he joined the four fingers of his hand leaving a side the thumb and said, " These four expressions are enough for all your needs of this world and the hereafter."

(Ibn Abi Shaybah)

## ۲۲۱۔غم وپریشانی سے بچنے کی دعا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ یہ کلمات پڑھا کرتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡھَمِّ ،وَ الۡحَزَنَ ،وَ الۡعَجۡزِ، وَالۡکَسَلِ ،وَالۡجُبۡنِ ،وَالۡبُخۡلِ، وَضَلَعِ الدَّیۡنِ، وَ غَلَبَۃِ الرِّجَالِ.'' (بخاری)

## 221.Supplication to seek refuge from many ailments.

Anas رضی اللہ عنہ narrated: The Messenger of Allah ﷺ recited these words. " Oh Allah, I seek refuge with you from stress, sadness, irritation, laziness, cowardice, stinginess, the burden of debts, and the dominance of others over me."

## ۲۲۲۔فضل ورحمت کی التجا

عَنۡ اِبۡنِ مَسۡعُوۡدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنۡہُ (مَرۡفُوۡعًا) '' اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ مِنۡ فَضۡلِکَ ،وَرَحۡمَتِکَ ،فَاِنَّہٗ لاَ یَمۡلِکُھُمَا اِلاَّ اَنۡتَ ''.

(طبرانی)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے یہ دعا روایت کی ہے:'' اَللّٰھُمَّ اِنِّی

اَسْئَلُکَ...تا...اِلَّا اَنْتَ" "اے اللہ! میں تجھ سے تیرا فضل اور تیری رحمت مانگتا ہوں، بس تو ہی فضل و رحمت کا مالک ہے" (طبرانی)

## 222. Pleading for bounty and mercy

Abdullah ibn Mas'ud رضی اللہ عنہ narrated: The Messenger of Allah ﷺ made this supplication:

"O Allah! I ask You for Your favours and Your mercy for no one owns them except You. " (Tabrani)

## ۲۲۳۔ وسعت رزق

عَنْ عَائِشَةَ رضی اللّٰہ عنہا (مَرْفُوْعًا) " اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِکَ عَلَیَّ، عِنْدَ کِبَرِ سِنِّیْ ،وَ اِنْقِطَاعِ عُمُرِیْ " .

(حاکم)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ سے یہ دعا روایت کی ہے: " اَللّٰهُمَّ اجْعَل...تا... اِنْقِطَاعِ عُمُرِی " "اے اللہ! میرے بڑھاپے کے دنوں میں اور میری عمر کے آخری حصے میں میری روزی میں زیادہ سے زیادہ وسعت فرما" (حاکم)

## 223. Increase in livelihood

Ayesha رضی اللہ عنہا narrated: The Messenger of Allah ﷺ made the following supplication,

"O Allah! Let the greater share of my provision be during my old age and when my life is on the verge of being seized."

(Hakim)

## ۲۲۴۔معرفتِ الٰہی وخیرِ کثیر کی درخواست

عَـنْ جَـابِرٍرضی اللہ عنہ قَـالَ قَـالَ لِـیْ رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ قُلْ " اَلـلّٰھُمَّ اَنْتَ الْخَلَّاقُ الْـعَـظِیْـمُ ، اَلـلّٰھُـمَّ اِنَّکَ سَـمِیـعٌ عَلِیْمٌ ، اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ غَـفُـوْرٌ رَّحِیْـمٌ ، اَلـلّٰھُـمَّ اِنَّکَ رَبُّ الْـعَرْشِ الْعَظِیْمِ ، اَلـلّٰھُـمَّ اِنَّکَ الْـجَـوَادُ الْکَرِیْمُ، فَاغْفِرْلِیْ ،وَارْحَمْنِیْ، وَعَـافِـنِـیْ ،وَارْزُقْنِیْ ،وَاسْتُرْنِیْ، وَاجْبُرْنِیْ، وَ اَرْفَعْنِیْ، وَاھْدِنِیْ، وَلَا تُضِلَّنِیْ، وَاَدْخِلْنِیْ الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِکَ، یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ".

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تَعَلَّمْهُنَّ وَعَلِّمْهُنَّ عُقْبَكَ مِنْ بَعْدِكَ ۔ (مسند فردوس دیلمی)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے یہ دعا تلقین فرمائی: "اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْخَلَّاقُ العَظِیم...تا...یَا اَرْحَمُ الرَّحِمِینْ" "اے میرے اللہ! تو خالقِ کل اور خلّاقِ عظیم ہے، تو سب کچھ سننے والا اور جاننے والا ہے، بخشنے اور نہایت مہربان ہے ،تو مالک عرشِ عظیم ہے، تو نہایت فیّاض اور کریم ہے، اپنی ان اعلیٰ صفات کے صدقہ میں، تو مجھے بخش دے، مجھ پر رحمت فرما، مجھے عافیت عطا فرما، مجھے رزق نصیب فرما، میری پردہ داری فرما، میری شکستگی کو جوڑ دے، مجھے عزت ورفعت عطا فرما، مجھے اپنی راہ پر چلا، مجھے گمراہی سے بچا۔ اور اے ارحم الرحمین (مرنے کے بعد آخرت میں) اپنی رحمت سے مجھے جنت میں داخلہ نصیب فرما"

۔۔۔۔(حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ دعا تلقین فرمائی اور مجھ سے ارشاد فرمایا)

۔۔۔۔اسکو سیکھو اور اپنے بعد والوں کو سکھاؤ۔ (مسند فردوس دیلمی)

## 224. Acknowledgement of Allah and request for great benefit

Jabir رضی اللہ عنہ narrated: The Messenger of Allah ﷺ exhorted him to make this supplication:

"O Allah! You are the Mighty creator of everything. O Allah! You are the All-Hearing, All Knowing. O Allah! You are the Forgiving, The Merciful. O Allah! You are the Lord of the great Throne! O Allah! You are the Most Generous, the Benevolent; forgive me, have mercy on me, protect me, provide me sustenance, conceal my faults, support me, grant me honour and rank, guide me right, do not let me go astray and admit me to Paradise through Your mercy. O the Most Merciful of those who show mercy."

Jabir رضی اللہ عنہ said further that the Messenger of Allah ﷺ exhorted him to make this supplication and said to him, "Learn it and teach it to those who will follow you." (Musnad Firdaus Daylami)

## ۲۲۵۔عزت ورزق حلال کی درخواست

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک مکاتب غلام سے فرمایا، میں تجھے وہ کلمات سکھاتا ہوں جو رسول اللہ ﷺ نے مجھے سکھائے تھے، اگر تجھ پر پہاڑ کے برابر بھی قرض ہوگا تو اللہ تعالیٰ تجھ سے ادا کرادے گا۔

**اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ ،بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ ،وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ ،عَمَّنْ سِوَاکَ.** (ترمذی، حاکم)

اے اللہ! حرام سے بچاتے ہوئے اپنے حلال کے ذریعہ تو میری کفایت فرما اور اپنے فضل کے ذریعے تو مجھے اپنے علاوہ غیر سے بے نیاز فرمادے۔(ترمذی،حاکم)

## 225. Request for Halal livelihood and respect

Ali Bin Talibرضی اللہ عنہ said to his slave ,I am teaching those words which the Messenger of Allahﷺ taught me for, if you recite whenever you have debt as much as a mountain Allah will provide a source to pay it off those words are; "O Allah! Grant me so much of what You make lawful as is enough for me so that I may dispense save me with what You make unlawful, and make me able by Your Benevolence to be independent of all except You. (Tirmidhi, Hakim)